**07.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے وندے ماترم کو مادرِ ہند کے تئیں توانائی، خواب اور عقیدت کے منتر کے طور پر سراہا ہے۔ انہوں نے نئی دلّی میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے پر ایک سالہ تقریبات کا افتتاح کیا۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ بہت سی سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے ووٹروں کو لبھانے کیلئے ریلیوں کا انعقاد کیا۔

☆ سپریم کورٹ نے آوارہ کتوں اور دیگر مویشیوں کو اہم عوامی جگہوں سے ہٹانے سے متعلق بہت سی ہدایات جاری کی ہیں۔

☆ بھارت نے طوفان Melissa کی وجہ سے ہوئی تباہی کے بعد جمائیکا کیلئے ، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کی ہے۔

☆ اور IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے 48 گھنٹے میں وسطی بھارت میں، دو سے چار ڈگری سیلسیس درجۂ حرارت میں کمی کا امکان ہے۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

PM Vande Mataram

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کی تقریبات کا افتتاح کیا جو سال بھر جاری رہیں گی۔ اِس موقع پر وزیراعظم نے ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور سکہ بھی جاری کیا۔ جناب مودی نے ایک پورٹل "vandemataram150.in" کا بھی آغاز کیا، جہاں شہری قومی گیت گاتے ہوئے اپنے ویڈیو اپ لوڈ کرسکیں گے اور سرٹیفکیٹ حاصل کرسکیں گے۔

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے ماترم ایک منتر، ایک قوت، ایک خواب اور ایک عزم ہے۔

انھوں نے اِسے ماں بھارتی کے تئیں عقیدت اور تعظیم سے تعبیر کیا، جو ہمیں تاریخ میں لے جاتی ہے اور ہمارے

موجودہ حال کو خود اعتمادی اور مستقبل کو نئی ہمت سے سرشار کرتی ہے، جس کے ذریعے کوئی بھی عزم پورا کیا جا سکتا ہے اور ساتھ ہی ایسا کوئی مقصد نہیں جو حاصل نہ کیا جا سکے۔

**SB - Modi**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ ایک بار گرو دیو رویندر ناتھ ٹیگور نے کہا تھا کہ بنکم چندر کا '' آنند مٹھ'' محض کوئی ناول نہیں ہے، یہ ایک آزاد بھارت کا خواب ہے۔

انہوں نے کہا کہ بنکم چندر چٹوپادھیائے نے، جو کچھ لکھا ہے، اُس کے معنی میں گہرائی ہے۔ وزیرِ اعظم نے زور دے کر کہا کہ یہ گیت، ہر دور میں باموقع ہے۔

**SB - Modi**

Prez Vande Mataram

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی گیت وندے ماترم کے، آج 150 سال پورے ہونے کے موقع پر اِس گیت کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، انہوں نے کہا کہ بنکم چندر چٹوپادھیائے نے، اِس لافانی وندے ماترم گیت کی دُھن 19 ویں صدی میں بنائی تھی، جب 1950 میں سودیشی تحریک کے دوران، برطانوی حکمرانی کے خلاف سنیاسی بغاوت کا سلسلہ جاری تھا۔ x

VP - Vande Matram

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے قومی گیت وندے ماترم کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رادھاکرشنن نے وندے ماترم کو ایک ایسا لازوال ترانہ قرار دیا، جس نے قومیت کے جذبے کو جگانے کا کام کیا ہے اور جو نسلوں کو تحریک دیتا آرہا ہے۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ اِس گیت سے مادرِ وطن کی قاقت، خوشحالی اور روحانیت کے پیکر کے طور پر عکاسی ہوتی ہے۔x

PM Varanasi Visit

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام وارانسی پہنچیں گے۔ وہ کل صبح بنارس- کھجوراہو اور لکھنؤ-سہارنپور سمیت چار وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔

کاشی میں وزیرِ اعظم کے دورے کے تناظر میں، وہاں لوگوں میں کافی جوش و خروش ہے اور اُن کے استقبال کی بڑے پیمانے پر تیاریاں کی جارہی ہیں۔

**VC - Manish Singh / Prem Chandra**

*وزیرِ اعظم کل وارانسی - کھجوراہو وندے بھارت ایکسپریس ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔*

اس ٹرین سے، اِس راستے پر براہ راست رابطہ فراہم ہوگا اور تقریباً دو گھنٹے 40 منٹ وقت کی بچت ہوگی۔ یہ وندے بھارت ایکسپریس، وارانسی، پریاگ راج، چترکوٹ اور کھجوراہو جیسے مذہبی اور ثقافتی مقامات کو ایک دوسرے سے جوڑے گی۔ اِس ٹرین سے لکھنؤ، سیتا پور، شاہجہانپور، بریلی، مراد آباد، بجنور اور سہارنپور کے مسافروں کو فائدہ ہوگا۔

وارانسی سے منیش سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

## Final Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے سینئر رہنما اور ممتاز شخصیتیں اور دیگر پارٹیوں کے رہنما اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔ سیمانچل، شاہ آباد اور چمپارن خطوں میں مختلف پارٹیاں زبردست چناؤ مہم انجام دے رہی ہیں۔ x

## Rev. Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں مزید تیزی آ گئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ رہنماؤں کے ساتھ ساتھ دیگر پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی انتخابی مہم میں اپنی پوری طاقت لگادی ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی، آج اورنگ آباد اور Kaimur ضلعوں میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

اِس دوران سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جموئی میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ وہ پورنیا میں NDA امیدواروں کی حمایت میں ایک روڈ شو میں بھی شرکت کریں گے۔ مرکزی وزیر اور RPI لیڈر رام داس اَٹھاولے، جموئی اور گیا میں NDA امیدواروں کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

کانگریس پارٹی کی جانب سے، سینئر لیڈر راہل گاندھی، آج بھاگل پور اور بانکا میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے، جبکہ کانگریس صدر ملیکا ارجن کھڑگے، گیا اور روہتاس میں ریلیوں میں شرکت کریں گے۔

مہا گٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو، پورنیا، ارریا، بھاگل پور اور بانکا میں 18 عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ دوسری جانب جن سوراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نوادہ میں ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے، جبکہ سماجوادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو، اورنگ آباد میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے۔ اِن کے علاوہ دوسری پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی چناؤ مہم میں اپنی پوری طاقت لگادی ہے۔x

## SC - Stray Dogs

سپریم کورٹ نے اہم عوامی جگہوں پر سے، آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی پریشانی کو دور کرنے اور شاہراہوں سے آوارہ و دیگر مویشیوں کو ہٹانے کیلئے، آج کئی ہدایات جاری کی ہیں۔

جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتا اور جسٹس این وی انجاریہ پر مشتمل ایک بینچ نے، ملک بھر میں آوارہ کتوں کے بندوبست کے معاملے پر، از خود سماعت کرتے ہوئے حکم دیا ہے کہ ہر ایک تعلیمی ادارے، اسپتال، سرکاری اسپورٹس کمپلیکس، بس

اسٹینڈ اور ریلوے اسٹیشن پر، مناسب طریقے سے باڑھ لگائی جائے تاکہ آوارہ کتوں کو یہاں داخل ہونے سے روکا جاسکے۔
جسٹس ناتھ کی قیادت والی بینچ نے میونسپل اداروں سے کہا ہے کہ وہ اِس طرح کی جگہوں سے، مویشیوں کو اٹھانے کی لگاتار مہم چلائیں اور انہیں لازمی طور پر ٹیکہ لگانے اور مویشیوں کی پیدائش پر قابو پانے کے 2023 کے ABC ضابطوں کے تحت، اِن کی نس بندی کرنے کے بعد، اِنہیں اِن کے مقررہ شیلٹرس میں پہنچایا جائے۔
سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز، اِن ہدایات پر سختی سے عمل کو یقینی بنائیں، ورنہ اِن افسران کو ذاتی طور پر ذمہ دار قرار دیا جائے گا۔
عدالت، 8 ہفتے کے اندر اِن ہدایات پر عمل درآمد کیلئے اپنائے گئے طور طریقوں کی تفصیلات طلب کرے گی۔x

## RBI Governor Address

بھارتیہ ریزرو بینک RBI کے گورنر سنجے ملہوترا نے آج کہا ہے کہ بھارتی بینکوں کی کارکردگی، ایک دہائی پہلے کے مقابلے، کافی زیادہ بہتر ہوگئی ہے۔ ممبئی میں اسٹیٹ بینک آف انڈیا کے، بینکنگ اور اقتصادیات سے متعلق کانکلیو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے، گورنر موصوف نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف انڈیا، 2018 میں نقصان میں چل رہا تھا لیکن آج یہ 100 ارب ڈالر کی ایک کمپنی میں بدل گیا ہے۔
RBI کے گورنر نے بہت سے ضابطہ جاتی اقدامات کا ذکر کیا، جن میں 2015 میں اثاثوں کی کوالٹی کا جائزہ AQR، فوری اصلاحی قدم PCA فریم ورک، سرکاری شعبے کے 27 بینکوں کا انضمام، بڑے پیمانے پر دوبارہ اثاثہ کاری اور نادہندگی اور دیوالیے پن کا ضابطہ IBC شامل ہے۔ اِن عناصر کی وجہ سے بھارت کے قرضہ جاتی نظام میں بنیادی طور پر تبدیلی آئی ہے۔ x

## IND - Jamaica Hurricane Relief

بھارت نے جمائیکا میں سمندری طوفان سے ہوئی زبردست تباہی کے پیش نظر، وہاں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سامان بھیجا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جمائیکا میں بھارت کے سفیر نے کہا ہے کہ کُل بھارتی فضائیہ کے ایک طیارے کے ذریعے تقریباً 20 ٹن راحتی سامان روانہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ راحتی سامان میں طوفان کے اثر سے نمٹنے کی غرض سے خصوصی بھیشم میڈیکل ٹراما یونٹ اور دیگر لازمی سامان شامل ہے۔x

## IMD Weather & AQI

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے 48 گھنٹے کے دوران، وسطی بھارت میں کم سے کم درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس تک کی کمی آسکتی ہے۔ محکمے نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں اکّا دکّا مقامات پر شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔
اِس دوران، دلّی-NCR خطے میں ہَوا کا معیار اب بھی بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق، آج صبح ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ - AQI،310 ریکارڈ کیا گیا ہے۔x

Hockey - 100 Years

بھارتی ہاکی کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر آج اسپورٹس منسٹر الیون اور ہاکی انڈیا الیون کے درمیان ایک نمائشی میچ کھیلا گیا۔ اِس میچ میں نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر من سُکھ مانڈویا، پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو اور دیگر ممتاز شخصیات نے بھی حصہ لیا۔

اِس موقع پر میچ دیکھنے کیلئے بھارتی ہاکی ٹیم کے سابق سرکردہ کھلاڑی بھی موجود تھے۔ اسپورٹس منسٹر الیون نے تین-ایک سے اِس میچ میں کامیابی حاصل کی۔

سات نومبر 1925 کو انڈین ہاکی فیڈریشن کا قیام عمل میں آیا تھا، جسے بعد میں 2009 میں ہاکی انڈیا کردیا گیا۔×

FIDE Chess World Cup

شطرنج میں، گوا میں جاری FIDE-Chess ورلڈ کپ میں آج 8 بھارتی کھلاڑی، تیسرے راؤنڈ کیلئے کھیلیں گے۔ یہ کھلاڑی ہیں R. Praggnanandha، وِدِت گجراتی، نہال سرین، Pranav V.، ایس ایل نارائنن، Karthikaryan Murli، Pranesh M. اور رونق سدھوانی۔×

**ED - FEMA Searches**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ہیڈکوارٹرس یونٹ نے **Foreign Exchange Management Act (FEMA)** کے تحت دلّی اور گوا کے مختلف مقامات پر **Hawala** آپریٹروں کے معاملے میں تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ یہ کارروائی بھارتی شہریوں کی جانب سے دبئی میں نامعلوم جائیدادوں کے سلسلے میں کی گئی ہے۔ تفتیش ابھی جاری ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆